© rasailojaraid.com



# تبصرے

**حیات خلیل**۔ از مولانا محمد ثانی حسنی تقطیع متوسط ضخامت ۶۱۲ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد -/۱۵ پتہ:- مکتبۂ اسلام، گوئن روڈ، لکھنؤ۔

مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری سلسلۂ سہارنپور ودیوبند کے اکابر علماء ومشائخ میں سے تھے اور اس سلسلہ کی خصوصیات کے جامع تھے، علم وعمل، شریعت وطریقت، ورع وتقویٰ، درس وتدریس اور تصنیف وتالیف یہ سب اوصاف آپ کی کتاب زندگی کے روشن ابواب تھے آپ کا ایک تذکرہ مولوی عاشق الٰہی صاحب میرٹھی نے تذکرۃ الخلیل کے نام سے لکھا تھا۔ لیکن ضرورت تھی کہ سوانح نگاری کے جدید اصول وضوابط کی روشنی میں ایک مفصل ومبسوط تذکرہ لکھا جائے۔ یہ کتاب اسی ضرورت کی تکمیل کے لئے مرتب کی گئی ہے۔ شروع کے دو ابواب میں لائق مولف نے حضرت سہارنپوری کے خاندان اور وطن کے تذکرہ وبیان کے سلسلہ میں سہارنپور، دیوبند اور مظفر نگر کے اطراف واکناف کے مختلف مگر نمایاں خانوادہائے علم وفضل اور ان کے مشاہیر علماء ومشائخ کا تذکرہ بڑی جامعیت اور خوبی سے کیا ہے جو اڑسٹھ صفحات میں پھیلا ہوا ہے۔ باقی سولہ ابواب میں حضرت سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ کے ذاتی سوانح وحالات، پیدائش۔ تعلیم، ملازمت، درس وتدریس تصنیف وتالیف، اسناد واجازت روایت، اساتذہ، تلامذہ۔ مشائخ ومسترشدین کمالات علمی وروحانی۔ فضائل اخلاق، معمولات وعادات، اسفار، جذبۂ جہاد، ملفوظات وارشادات، مکتوبات، رسائل وکتب، تبلیغ واشاعت دین میں

© rasailojaraid.com